ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (34)

15-01-2023

**بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی ، 153 اشتہاری و30 عدالتی مفروران سمیت 321 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اورغیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا،ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم ،منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔تھانہ سٹی حاصلپور، سٹی یزمان ، دھوڑکوٹ،بغداد الجدید اور چن ی گوٹھ پولیس نے قماربازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 مقدمات درج کر کے 39 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کرلیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو32 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1586 لیٹر دیسی شراب، 230 لیٹر لہن معہ 09 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 18 ملزمان کو گرفتار کر کے 16 کلو 290 گرام چرس، 267 کلو بھنگ اور 50 گرام آئس برآمد کر لی۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 36 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 29 عدد پسٹل 30 بور، 01 ریپٹر، 01 کاربین، 02 رائفل، 02 بندوق اور 01 ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری ''A'' کے 18 اور ''B'' کے 135 سمیت 153 مجرم اشتہاری جبکہ کیٹگری ''B'' کے 30 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔تھانہ کینٹ پولیس نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاعات دینے پر 04 ملزمان کو اور ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تھانہ سول لائنز، چنی گوٹھ، خیر پور ٹامیوالی، سٹی احمد پور شرقیہ اور دھوڑ کوٹ نے 06 مقدمات درج کر کے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی، 153 اشتہاری و 30 عدالتی مفروران سمیت 321 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اورغیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (35)

15-01-2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکینینگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔